اَللّٰہُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ مَثَلُ نُوۡرِہٖ کَمِشۡکٰوۃٍ فِیۡہَا مِصۡبَاحٌ

قادیان

ماہنامہ

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

جنوری 2009ء صلح 1388 ہش

وَالسَّمَآءَ بَنَيۡنٰهَا بِاَيۡٮدٍ وَّاِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ

اور ہم نے آسمان کو ایک خاص قدرت سے بنایا اور یقیناً ہم وسعت دینے والے ہیں۔

THE UNIVERSE
YOURS TO DISCOVER
INTERNATIONAL YEAR OF
ASTRONOMY
2009



حضورانور ایّدہ اللہ بنصرہ العزیز کے حالیہ دورہ ہند کی چند تصاویر

بیت الہادی دہلی میں خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے

شری پرکاش جائسوال صاحب صوبائی وزیر داخلہ حکومت ہند حضورانور کے ہمراہ

مکرم اَمر سنگھ صاحب سیکریٹری سماج وادی پارٹی حضورانور سے شرف مصافحہ حاصل کرتے ہوئے

ڈاکٹر وید پرتاپ ویدک صاحب چیئرمین انڈین کاؤنسل آف فارن پالیسی حضورانور کے ہمراہ

مکرم صدر صاحب صدر انجمن احمدیّہ قادیان ومکرم ناظر صاحب اعلیٰ قادیان حضورانور کے ہمراہ

دہلی میں اعلاناتِ نکاح فرماتے ہوئے

محترم ناظر صاحب اعلیٰ، محترم ناظر صاحب امورِ عامہ وخارجہ، محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیّہ،
محترم آڈیٹر صاحب، محترم نائب ناظران امور عامہ وخارجہ اور جیٹ ایئرویز آفیشل حضورانور کے ہمراہ

مکرم مبارک احمد صاحب گنائی S.S.P شرفِ مصافحہ حاصل کرتے ہوئے

"قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوسکتی"
(حضرت مصلح موعودؓ)

ماہنامہ
مشکوٰۃ
قادیان
مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

جلد28۔صلح 1388 ہجری شمسی / جنوری 2009ء شمارہ۔1

ضیاپاشیاں

☆ آیات القرآن۔انفاخ النبی ﷺ　2
☆ ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ　3
☆ اداریہ　5
☆ نظم　6
☆ حضرت مسیح موعودؑ کے علم کلام سے سرقہ کی حیرت انگیز مثال!　7
☆ برکاتِ درود شریف اور ہماری ذمہ داری　12
☆ تبلیغ کے متعلق سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے اہم ارشادات　15
☆ سالانہ مقابلہ مقالہ نویسی مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 09-2008ء　17
☆ اعلانات نکاح وغیرہ　18
☆ ملکی رپوٹیں ودیگر رپورٹیں　19
☆ عقیقہ کے لیے گائے ذبح کرنا کہیں سے ثابت نہیں　24
☆ کوئز کمپیٹشن برائے اطفال الاحمدیہ　28
☆ وصایا 17321 تا 17344　29
☆ ASTRONOMY:A Brief Introduction　40

"قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہو سکتی"
(فرمان حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ بانیء تنظیم مجلس خدام الاحمدیہ)

نگران : محترم محمد اسماعیل صاحب طاہر
صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر
عطاء المجیب لونؔ

نائبین
عطاء الٰہی احسن غوری، ڈاکٹر جاوید احمد، لقمان قادر بھٹی

منیجر : رفیق احمد بیگ
مجلس ادارت : سیّد کلیم احمد تیماپوری، مبشر احمد خادم، نوید احمد فضل، کے. طارق احمد، مرید احمد ڈار، سیّد احیاء الدین۔
انٹرنیٹ ایڈیشن : تسنیم احمد فرخ
کمپوزنگ : نوید احمد فضل
دفتری امور : راجا ظفر اللہ خان انسپکٹر، عبدالربّ فاروقی
مقام اشاعت : دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ای میل ایڈریس
mishkat_qadian@yahoo.com

انٹرنیٹ ایڈیشن
http://www.alislam.org/mishkat

سالانہ بدل اشتراک
اندرون ملک: 150 روپے　بیرون ملک: 40 امریکن $　یا متبادل کرنسی
قیمت فی پرچہ: 15 روپے

مضمون نگار حضرات کے افکار وخیالات سے رسالہ کا اتفاق ضروری نہیں ہے

Printed at Fazle Umar Printing Press Qadian and Issued from Office Majlis Khuddamul Ahmadiyya Qadian (Pb) by :
Munir Ahmad Hafizabadi M.A Printer & Publisher

آیات القرآن

☆ : یَـا اَیُّھَـا الَّـذِیْـنَ اٰمَـنُـوْ اتَّـقُـوْالـلّٰـہَ وَکُـوْنُـوْ مَـعَ الـصَّـادِقِیْـنَ O(الـتّـوبـہ آیـت: ۲۹)

ترجمہ:اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو !اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور صادقوں کے ساتھ ہو جاوَ۔

☆ : وَاصْبِـرْنَـفْـسَکَ مَـعَ الَّـذِیْـنَ یَـدْعُـوْنَ رَبَّـھُـمْ بِـالْـغَـدَاوَۃِ وَالْـعَـشِـیِّ یُـرِیْـدُوْنَ وَجْـھَـہٗ۔

ترجمہ:اور تو خود بھی صبر کر اُن کے ساتھ جو صبح بھی اور شام کو بھی اپنے رب کو، اسکی رضا چاہتے ہوئے پکارتے ہیں۔

انفاخ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

☆ : عَنْ اَبِیْ مُوْسیٰ الْاَشعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم قَالَ: اِنَّمَا مَثَلُ الْجَلِیْسِ الصَّالِحِ وَ جَلِیْسِ السُّوْءِ کَحَامِلِ الْمِسْکِ وَنَافِخِ الْکِیْرِفَحَامِلُ الْمِسْکِ اِمَّا اَنْ یُحْذِیَکَ وَاِمَّا اَنْ تَبتَاعَ مِنْہُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْہُ رِیْحاًطَیِّبَۃً.وَنَافِخُ الْکِیْرِ اِمَّا اَنْ یُحْرِقَ ثِیَابَکَ وَ اِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْہُ رِیْحاً مُنْتِنَۃً

ترجمہ:حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے مروی ہیکہ حضرت نبی اکرم ﷺ نے فرمایا''نیک اور بد ہم مجلس کی مثال اسی طرح ہے جیسے کستوری والا اور بھٹی والا۔پس کستوری رکھنے والا یا تو تجھے کستوری تحفہ میں دے گا،یا تو اس سے خرید لے گا اور پھر یا کم از کم اس کے پاس بیٹھنے سے تجھے عمدہ خوشبو سونگھنے کو ملے گی۔اور بھٹی پھونکنے والا یا تو تیرے کپڑوں کو جلادے گا اور یا کم از کم تجھے اس کے پاس بیٹھنے سے بدبو سونگھنا پڑے گی۔(بخاری ومسلم)

☆ : عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم قَالَ: النَّاسُ مَعَادِنٌ کَمَعَادِنِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ خِیَارُ ھُمْ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ خِیَارُ ھُمْ فِی الِاسْلَامِ اِذَافَقِھُوْ.وَالْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌمُجَنَّدَۃٌفَمَا تَعَارَفَ مِنْھَا ائتَلَفَ،وَمَا تَنَاکَرَ مِنْھَا اخْتَلَفَ.

ترجمہ:حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہیکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:لوگ کانیں ہیں جیسے سونے اور چاندی کی کانیں ہوتی ہیں۔جو ان میں سے زمانہ جاہلیت میں بہتر تھے وہ زمانہ اسلام میں بہتر ہیں بشرطیکہ انہیں دین کا علم حاصل ہو۔اور روحیں مجتمع لشکر ہیں جو ایک دوسرے کو پہچان لیں وہ مانوس ہوجاتی ہیں اور جو ایک دوسرے کو پہچان نہ سکیں وہ مخالف ہوتی ہیں۔(مسلم)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ

قرآن کریم اور کائنات

نزولِ قرآن کے وقت کائنات کی ساخت اور اجرام فلکی کے متحرک یا جامد ہونے کے متعلق انسانی تصور بہت مبہم اور قدیم تھا۔مگر اب یہ حالات نہیں۔اب کائنات کے متعلق ہمارا علم کافی ترقی کر چکا ہے اور وسیع ہو چکا ہے۔تخلیق کائنات کے متعلق بعض نظریات کی تصدیق ہو چکی ہے۔ اب وہ مسلمہ حقائق کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں جبکہ کچھ اور نظریات پر ابھی تحقیق جاری ہے۔یہ نظریہ کہ کائنات مسلسل پھیل رہی ہے اب سائنسی حلقوں میں ایک حقیقت کے طور پر تسلیم کیا جا چکا ہے۔سب سے پہلے ایڈون ہبل (Edwin Hubble) نے 1920 کی دہائی میں یہ انکشاف کیا تھا۔مگر اس سے بھی تیرہ سو سال قبل قرآن کریم درج ذیل آیت میں اس کا ذکر واضح طور پر فرما چکا تھا۔

والسماء بنینھا باید و انا لموسعون. (الذٰریٰت 48:51)

ترجمہ:اور ہم نے آسمان کو ایک خاص قدرت سے بنایا اور یقیناً ہم وسعت دینے والے ہیں۔

یاد رہے کہ ایسی کائنات کا تصور جو مسلسل پھیلتی جارہی ہو صرف قرآن کریم میں ہی مذکور ہے۔کسی اور آسمانی صحیفہ میں اس کا دور کا اشارہ بھی نہیں ملتا۔سائنسدانوں کے نزدیک یہ دریافت کہ کائنات مسلسل پھیل رہی ہے، خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس سے انہیں کائنات کی تخلیق کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔نیز یہ دریافت تخلیق کائنات کی مرحلہ وار اس طرح وضاحت کرتی ہے جو بگ بینگ (Big Bang) کے نظریہ سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔قرآن کریم اس سے بھی آگے بڑھ کر کائنات کے آغاز کے مکمل دور کو بیان کرتا ہے۔قرآن کریم کائنات کی پیدائش کے پہلے کا جو نقشہ پیش کرتا ہے، وہ ہو بہو بگ بینگ کے نظریہ کے مطابق ہے۔چنانچہ قرآن کریم کے الفاظ یہ ہیں:

اولم یر الذین کفروا ان السمٰوٰت والارض کانتارتقا ففتقنٰھما
وجعلنا من المآء کل شی حی. افلا یومنون. (الانبیاء 21 : 31)

ترجمہ: کیا انہوں نے دیکھا نہیں جنہوں نے کفر کیا کہ آسمان اور زمین دونوں مظبوطی سے بند تھے۔پھر ہم نے انکو پھاڑ کر الگ کر دیا اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز پیدا کی۔تو کیا وہ ایمان نہیں لائیں گے؟

یہاں معنی خیز بات یہ ہے کہ اس آیت میں بالخصوص غیر مسلموں کو مخاطب کیا گیا ہے۔شاید اس میں حکمت یہ ہے کہ مذکورہ بالا راز سے پردہ غیر مسلموں نے اٹھانا تھا۔مقصد یہ تھا کہ اس طرح یہ امر قرآن کریم کی صداقت کا ایک زندہ نشان بن کر ان کے سامنے آجائے۔

اس آیت کے دو الفاظ یعنی ''رتقاً'' (بند کیا گیا ہیولہ) اور ''فتقنا'' (ہم نے اسے پھاڑ کر الگ کر دیا) میں بنیادی پیغام پوشیدہ ہے۔مستند عربی لغات میں ''رتقا'' کے دو مطالب بیان کئے گئے ہیں اور دونوں ہی اس موضوع سے متعلق ہیں۔ایک معنی یکجان ہو جانے کے ہیں اور دوسرے معنی کامل تاریکی کے ہیں۔یہاں یہ دونوں ہی مراد ہو سکتے ہیں اور دونوں کو ملا کر بعینہ ایک بلیک ہول کا نقشہ ابھرتا ہے۔

بلیک ہول اس وسیع وعریض مادہ کی منفی شکل ہے جو اپنی ہی کشش ثقل کے دباؤ کے زیرِ اثر سکڑ کر اپنا مادی وجود کھو بیٹھتا ہے۔ سورج سے تقریباً پندرہ گنا بڑے ستارے جب اپنا دورِ حیات ختم کر چکتے ہیں تو ان سے بلیک ہول کے بننے کا آغاز ہوتا ہے۔ ان ستاروں کی کشش ثقل ان کے وجود کو سکیڑ کر چھوٹی سی جگہ پر سمیٹ لیتی ہے۔ اس کشش ثقل کی شدت کی وجہ سے مادہ مزید سکڑ کر سپر نووا (Supernova) کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس مرحلہ پر مادہ کے بنیادی ذرات مثلاً مالیکول، ایٹم وغیرہ پس کر ایک عجیب قسم کی توانائی میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ زمان ومکان کے اس لمحہ کو ایونٹ ہورائزن (Event Horizon) یا واقعاتی افق کا نام دیا گیا ہے۔ اس کی اندرونی کشش ثقل اتنی طاقتور ہوتی ہے کہ ہر چیز کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ حتیٰ کہ روشنی بھی اس سے باہر نہیں جاسکتی اور واپس جذب ہو جاتی ہے جس کے نتیجہ میں مکمل تاریکی پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے اسے بلیک ہول کہا جاتا ہے۔ ان حقائق سے ذہن خود بخود قرآن کریم میں مذکور لفظ ''رتقاً'' کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ جس کا مطلب مکمل تاریکی ہے اور اس کو اصطلاحاً Singularity کہا جاتا ہے جو Event Horizon یا واقعاتی افق سے بھی آگے کہیں دور واقع ہوتی ہے۔

بلیک ہول ایک بار معرض وجود میں آجائے تو یہ بڑی تیزی سے پھیلنے لگتا ہے۔ کیونکہ دور دراز کے ستارے اس کی بڑھتی ہوئی کشش ثقل کی وجہ سے اس کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔ ایک اندازہ کے مطابق ایک بلیک ہول میں موجودہ مادّہ کی مقدار سورج میں موجود مادّہ کی مقدار سے دس کروڑ گنا ہو جاتی ہے۔ اس کی ثقل کا میدان وسیع ہوتے ہی خلا سے مزید مادّہ اس کی طرف اتنی تیز رفتاری سے کھنچا چلا جاتا ہے کہ اس کی رفتار روشنی کی رفتار کے قریب پہنچ جاتی ہے۔ 1997ء میں یہ اندازہ لگایا گیا تھا کہ ہماری کہکشاں میں ایک بلیک ہول میں موجود مادّہ کی مقدار سورج میں موجود مادّہ کی مقدار سے دولاکھ گنا زیادہ ہے۔ بعض اعداد وشمار کے مطابق بہت سے بلیک ہول ایسے بھی ہیں جن میں سورج سے تین ارب زیادہ مقدار میں مادّہ موجود ہے۔ ان کی کشش ثقل اتنی شدید ہو جاتی ہے کہ بڑے بڑے ستارے بھی اپنا راستہ چھوڑ کر ان کی طرف کھنچتے چلے جاتے ہیں۔ اور بلیک ہول میں غائب ہو جاتے ہیں۔ اس طرح 'رتقاً' کا عمل مکمل ہو کر Singularity یا اس واحد ہیولہ کی شکل میں اختیار کر لیتا ہے۔ جو مکمل طور پر بند بھی ہے اور تاریک بھی۔ رہا اس سوال کا جواب کہ یہ کائنات کس طرح پیدا ہوئی تھی۔ تو اس کے متعلق دو تازہ ترین نظریات بگ بینگ کے نظریہ کی ہی تائید کرتے ہیں۔ ان نظریات کے مطابق یہ کائنات ایک ایسی Singularity یا وحدت سے جاری ہوئی جس میں مقیّد مادّہ اچانک ایک زبردست دھماکہ سے پھٹ کر بکھرنا شروع ہو گیا اور اس طریق پر Event Horizon یا واقعاتی افق کے ذریعہ ایک نئی کائنات کا آغاز ہوا۔ جس مرحلہ پر بلیک ہول کی حد سے روشنی پھوٹنا شروع ہوئی اسے وائٹ ہول (White Hole) کہا جاتا ہے۔ ان دونوں میں سے ایک نظریہ کے مطابق یہ کائنات ہمیشہ پھیلتی جائے گی جبکہ دوسرے نظریہ کے مطابق ایک مرحلہ پر پہنچ کر کائنات کا پھیلاؤ رک جائے گا اور کشش ثقل اسے اندر کی طرف کھینچنا شروع کر دے گی۔ آخر کار تمام مادّہ واپس کھینچ لیا جائے گا اور غالباً ایک اور عظیم الشان 'بلیک ہول' جنم لے گا۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم مؤخر الذکر نظریہ کی تائید کرتا ہے۔

(بحوالہ الہام، عقل، علم اور سچائی صفحہ 260 تا 263)

اداریہ

نظریات سے تجربات تک

حصولِ علم کو قرآن وحدیث میں کس قدر اہمیت دی گئی ہے یہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ پھر بھی مسلمانوں میں شرح ناخواندگی اب بھی بہت زیادہ ہے لیکن پہلے سے حصولِ علم کی طرف رجحان بلاشبہ بڑا ہے۔ قرآن وحدیث کا درس دینے والے اور وعظ کرنے والے ملاّں اگر اپنی ذمہ داری سمجھتے تو اس وقت دنیا کا ایک بھی انسان ایسا نہ ہوتا جو مسلمانوں کی اکثریت کو ناخواندہ اور انپڑھ زُمرے میں شمار کر رہا ہوتا۔ بہرحال ہم احمدی مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے مسیح محمدی کی غلامی میں لحہ بہ لحہ اپنے خلفاء کی ھدایات کے زیر سایہ رہنے کی توفیق عطاء فرمائی ہوئی ہے۔ جو ہمیں تمام امور کے بارے میں موثر اور کارگر ہدایات سے نوازتے آرہے ہیں۔ حصول علم اور تعلیم کے تعلق سے بھی خلفاء سلسلہ نے ہمیں تاکیدی ارشادات اور اصولی ہدایات عطاء فرمائی ہیں۔ یہاں تک کہ موجودہ خلیفہء برحق حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ تاکیدی ارشاد جاری کیا ہوا ہیکہ موجودہ دور میں تعلیم کی بڑھتی ضرورت کے پیش نظر ایک بھی احمدی لڑکا یا لڑکی 2+ سے پہلے تعلیم حاصل کرنا نہ چھوڑے۔

تاریخ انسانی کے مختلف ادوار میں علم اور حصول علم کے ذرائع میں تبدیلی آتی رہی ہے۔ ان ادوار میں سے ایک دور ایسا بھی تھا جب علم کی بنیاد نظریات پر زیادہ تھی۔ یہی وجہ ھیکہ اس دور کے علماء اور سائنس وحکمت دانوں کو عوام الناس کی طرف سے بہت ساری مشکلات کا سامنا رہا یہاں تک کہ قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑیں۔ لیکن ایسا دور اب نہیں رہا اور علم نظریات سے نکل کر تجرباب کے دور میں داخل ہوا ہے۔ اب علم کی بنیاد محض نظریات نہیں بلکہ تجربات ہیں۔ ہر علم اور ہر مسئلہ کو اب تجربات کی بنیادوں پر پرکھا جاتا ہے۔ اور تجربات کے ذریعہ ہی اس کو accept کیا جاتا ہے۔ لہذا علم اور حصولِ علم کے ذرائع اپنے حتمی مراحل میں داخل ہورہے ہیں۔ اس اعتبار سے جہاں معمولی تعلیم کا حصول ناکافی ہے وہاں حصول علم کے لئے محنت وجستجو میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اب صرف کچھ باتوں کا علم اور کچھ معاملات کی جانکاری کافی نہیں ہے بلکہ جس چیز کو ہم جانتے ہیں اس کا علم ہمیں practically ہونا چاہئے تب ہی حقیقی معنوں میں ہم تعلیم یافتہ کہلا سکتے ہیں۔ اس لحاظ سے تجربات اور ریسرچ کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہوگئی ہے اور اسی کے پیش نظر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدی طلباء کو ریسرچ کے میدان کی طرف آنے کی ہدایت فرمائی ہے چنانچہ آپ نے اپنے ایک حالیہ خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2008ء میں فرمایا:

”میں احمدی طلباء سے کچھ سالوں سے یہ کہہ رہا ہوں کہ ہر قسم کی ریسرچ کے میدان میں آگے آئیں۔

یہ میدان بڑی تیزی سے ان ملکوں میں خالی ہورہا ہے اور دنیا کو اس کی ضرورت بھی ہے۔“

پس اس تاکیدی ارشاد کے پیش نظر اور موجودہ دور میں اس شعبہ کی بڑھتی اہمیت کے پیش نظر تمام احمدی طلباء کو seriously سوچ کر تعمیل کے اقدامات کرنے چاہئیں۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطاء فرمائے اور ہمیشہ احمدی مسلمانوں کی صورت میں دنیا کو عظیم رہنما ملتے رہیں جو زندگی کے ہر میدان میں بنی نوع انسان کو راستہ دکھانے والے ہوں۔ آمین (عطاء المجیب لون)

نظم

کیوں نہیں لوگو تمہیں خوفِ خدا
کیوں بھلا بیٹھے ہو تم روزِ جزا

جو لگایا میرے مولیٰ نے شجر
کاٹ ڈالوگے اسے کیسے بھلا؟

شاہد و مشہود کے انکار پر
روبرو مولیٰ کے تم بولو گے کیا؟

ظلم کرتے ہو عبث تم رات دن
کیوں بنے پھرتے ہو تم خود ہی خدا

سوچ لو کہ ظلم کی پاداش میں
کوئی بچتا تم نے دیکھا ہے بھلا؟

خوں شہیدانِ وفا کا ظالمو!
رنگ لائے گا یقیناً جابجا

یاد رکھنا جب پکڑتا ہے خدا
پھر مسلّط سر پہ ہوتی ہے قضا

آج ہر اِک ملک میں ہر احمدی
کر رہا ہے اپنے مولیٰ سے دُعا

”کچھ نمونہ اپنی قدرت کا دکھا
تجھ کو سب قدرت ہے اے ربّ الوریٰ“

(عطاء المجیب راشد)

حضرت مسیح موعودؑ کے علم کلام سے سرقہ کی حیرت انگیز مثال! دیوبندی حضرات کے لئے لمحہ فکریہ

(**دوسری اور آخری قسط**۔ پہلی قسط کے لئے دیکھیں شمارہ ماہ اگست 2008ء)

(ظہور احمد خان خادم سلسلہ بھدرواہ)

خاکسار نے کچھ عرصہ پہلے مولانا اشرف علی تھانوی صاحب کی مشہور و معروف کتاب (احکام اسلام عقل کی نظر میں) میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی سلطان القلم کی کتاب ملفوظات جلد 1، ملفوظات جلد 4، اسلامی اصول کی فلاسفی سے چرائے گئے بعض روحانیت کے بارے میں اقتباسات موازنہ کے ساتھ پیش کئے تھے۔

قارئین کرام! مطالعہ کے دوران خاکسار کی نظر سے مکرم محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت ربوہ کا ایک مضمون شائع شدہ اخبار بدر مورخہ 1983ء صفحہ 7 گزرا۔ اس تحقیقی مضمون کی مدد سے خاکسار نے جب مولانا اشرف علی تھانوی کی کتاب کا مزید مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ موصوف نے پنجوقتہ نمازوں کے فلسفہ کے بارے میں حضرت مسیح موعودؑ نے کشتی نوح صفحہ 69 تا 70 پر جو مضمون بیان فرمایا ہے کو ہو بہو اپنی کتاب کے صفحہ 72 تا 76 میں سرقہ کر کے بیان کیا ہے۔

قارئین کرام! حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب کشتی نوح صفحہ 69 تا 70 مطالعہ کریں پھر مولانا موصوف کی کتاب کے ان صفحات کا مطالعہ کریں پھر خود موازنہ کریں کہ کس قدر سرقہ کیا گیا ہے۔

مولانا اشرف علی تھانوی اپنی کتاب میں پنجوقتہ نماز کا فلسفہ یوں بیان کرتے ہیں:

”وجہ تعیین اوقات پنجگانہ نماز

---الغرض پنجگانہ نمازیں کیا ہیں؟ وہ تمہاری مختلف حالات کا فوٹو ہیں۔ یعنی تمہاری زندگی کے لازم حال پانچ تغیر ہیں جو تم پر وارد ہوتے ہیں اور تمہاری فطرت کے لئے ان کا وارد ہونا ضرور ہے۔ جنکی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

☆ **وجہ تعیین نماز ظہر:** (۱) پہلے جبکہ تم مطلع کئے جاتے ہو کہ تم پر ایک بلا آنے والی ہے مثلاً جیسے تمہارے نام عدالت سے ایک وارنٹ جاری ہو یہ پہلی حالت ہے جس نے تمہاری تسلّی اور خوش حالی میں خلل ڈالا سو یہ حالت زوال کے وقت سے مشابہ ہے کیونکہ اس سے اپنی خوش حالی کے زوال کے مقدور ہونے پر استدلال کیا جا سکتا ہے۔ اس کے مقابل پر نماز ظہر متعین ہوئی جس کا وقت زوالِ آفتاب سے شروع ہوتا ہے---

☆ **وجہ تعیین نماز عصر:** (۲) دوسرا تغیر اس وقت تم پر آتا ہے جبکہ تم بلا کے محل سے بہت نزدیک کئے جاتے ہو۔ مثلاً جبکہ تم بذریعہ وارنٹ گرفتار ہو کر حاکم کے سامنے پیش ہوتے ہو یہ وہ وقت ہے کہ جب تمہارا خوف سے خون خشک اور تسلی کا نور تم سے رخصت ہونے کو ہوتا ہے۔ سو یہ حالت تمہاری اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ آفتاب سے نور کم ہو جاتا ہے اور نظر اس پر جم سکتی ہے اور صریح نظر آتا ہیکہ اب غروب نزدیک ہے جس سے اپنے کمالات کے زوال کے احتمال قریب پر استدلال کرنا چاہئے۔ اس روحانی حالت کے مقابل پر نماز عصر مقرر ہوئی ہے-----

☆ **وجہ تعیین نماز مغرب:** (۳) تیسرا تغیر تم پر اس وقت آتا ہے جب اس بلا سے رہائی پانے کی بکلّی امید منقطع ہو جاتی ہے۔ مثلاً تمہارے نام فرد قرارداد جرم لکھی جاتی ہے اور مخالفانہ گواہ تمہاری ہلاکت کے لئے گذر جاتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہیکہ جب تمہارے اوسان خطا ہو جاتے ہیں اور تم اپنے تئیں ایک قیدی سمجھنے لگتے ہو۔ سو یہ حالت اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ آفتاب غروب ہو جاتا ہے اور تمام ہوسنا کی امیدیں دن کی روشنی کی ختم ہو جاتی ہیں۔ اس روحانی حالت کے مقابل پر نماز مغرب مقرر ہے تا کہ اس طول عمل کا مطالعہ ہو۔

☆ **وجہ تعیین نماز عشاء:** (۴) چوتھا تغیر تم پر اس وقت آتا ہے جب بلا تم پر وارد ہی ہو جاتی ہے اور اس کی سخت تاریکی تم پر احاطہ کر لیتی ہے۔ مثلاً جبکہ فرد قرارداد

جرم اور شہادتوں کے بعد حکم سزا تم کو سنایا جاتا ہے اور قید کے لئے ایک پولیس مین کے تم حوالے کئے جاتے ہو۔سو یہ حالت اس حالت سے مشابہ ہے جبکہ رات پڑ جاتی ہے اور ایک سخت اندھیرا چھا جاتا ہے۔اس روحانی حالت کے مقابلہ پر نمازِ عشاء مقرر ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

☆ **وجہ تعیین نماز فجر:** ۵) پھر جبکہ تم مدت تک اس مصیبت کی تاریکی میں بسر کرتے ہو تو پھر آخر خدا کا رحم تم پر جوش مارتا ہے اور تمہیں اس تاریکی سے نجات دیتا ہے اور تاریکی کے بعد آخر کار پھر صبح نکلتی ہے اور پھر وہی روشنی دن کی اپنی چمک کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔سو اس حالتِ روحانی کے مقابل پر نماز فجر مقرر ہے۔خدا تعالیٰ نے تمہارے فطرتی تغیرات میں پانچ نمازیں تمہارے لئے مقرر کیں اس سے تم سمجھ سکتے ہو کہ یہ نمازیں خاص تمہارے نفس کے فائدہ کے لئے ہیں۔پس اگر تم چاہتے ہو کہ ان بلاؤں سے بچے رہو تو تم پنجگانہ نمازوں کو ترک نہ کرو کہ وہ تمہارے اندرونی اور روحانی تغیرات کا ظل ہیں۔وہ آنے والی بلاؤں کا علاج ہیں۔تم نہیں جانتے کہ یہ نیا دن کس قسم کی قضاء وقدر تمہارے لئے لائیگا۔پس تم قبل اس کے دن چڑھے اپنے مولی کی جناب میں تضرّع کرو تا کہ تمہارے لئے خیر و برکت کا دن چڑھے۔''

(بحوالہ احکام اسلام عقل کی نظر میں صفحہ 72 تا 76۔از مولانا اشرف علی صاحب تھانوی)

آگے دیکھیں سلطان القلم حضرت مسیح موعودؑ کی اصل تحریر جو کہ نمازوں کے متعلق ہے۔کس طرح یہ پوری عبارت مولانا اشرف صاحب نے مندرجہ ذیل مضمون سے سرقہ کی ہے۔حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

''پنجگانہ نمازیں کیا چیز ہیں۔وہ تمہارے مختلف حالات کا فوٹو ہیں۔تمہاری زندگی کے لازم حال پانچ تغیر ہیں جو بلا کے وقت تم پر وارد ہوتے ہیں اور تمہاری فطرت کے لئے ان کا وارد ہونا ضرور ہے۔ ۱) پہلے جبکہ تم مطلع کئے جاتے ہو کہ تم پر ایک بلا آنے والی ہے۔مثلاً جیسے تمہارے نام عدالت سے ایک وارنٹ جاری ہوا کہ یہ پہلی حالت ہے جس نے تمہاری تسلّی اور خوش حالی میں خلل ڈالا۔سو یہ حالت زوال کے وقت سے مشابہ ہے۔کیونکہ اس سے تمہاری خوش حالی میں زوال آنا شروع ہوا۔اس کے مقابل پر نماز ظہر متعین ہوئی۔جس کا وقت زوالِ آفتاب سے شروع ہوتا ہے۔

۲) دوسرا تغیر اس وقت تم پر آتا ہے جبکہ تم بلا کے محل سے بہت نزدیک کئے جاتے ہو۔مثلاً جبکہ تم بذریعہ وارنٹ گرفتار ہو کر حاکم کے سامنے پیش ہوتے ہو۔یہ وہ وقت ہے کہ جب تمہارا خوف سے خون خشک ہو جاتا ہے اور تسلی کا نور تم سے رخصت ہونے کو ہوتا ہے۔سو یہ حالت تمہاری اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ آفتاب سے نور کم ہو جاتا ہے اور نظر اس پر جم سکتی ہے اور صریح نظر آتا ہیکہ اب اس کا غروب نزدیک ہے۔اس روحانی حالت کے مقابل نماز عصر مقرر ہوئی ہے۔

۳) تیسرا تغیر تم پر اس وقت آتا ہے جو اس بلا سے رہائی پانے کی بکلّی امید منقطع ہو جاتی ہے۔مثلاً جیسے تمہارے نام فرد قرارداد جرم لکھی جاتی ہے اور مخالفانہ گواہ تمہاری ہلاکت کے لئے گذر جاتے ہیں۔یہ وہ وقت ہیکہ جب تمہارے حواس خطا ہو جاتے ہیں اور تم اپنے تئیں ایک قیدی سمجھنے لگتے ہو۔سو یہ حالت اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ آفتاب غروب ہو جاتا ہے اور تمام امیدیں دن کی روشنی کی ختم ہو جاتی ہیں۔اس روحانی حالت کے مقابل پر نماز مغرب مقرر ہے۔

۴) چوتھا تغیر اس وقت تم پر آتا ہے کہ جب بلا تم پر وارد ہی ہو جاتی ہے اور اس کی سخت تاریکی تم پر احاطہ کر لیتی ہے۔مثلاً جبکہ فرد قرارداد جرم اور شہادتوں کے بعد حکم سزا تم کو سنا دیا جاتا ہے اور قید کے لئے ایک پولیس مین کے تم حوالے کئے جاتے ہو۔سو یہ حالت اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ رات پڑ جاتی ہے اور ایک سخت اندھیرا پڑ جاتا ہے۔اس روحانی حالت کے مقابل پر نمازِ عشاء مقرر ہے۔

۵) پھر جبکہ تم ایک مدت تک اس مصیبت کی تاریکی میں بسر کرتے ہو تو پھر آخر خدا کا رحم تم پر جوش مارتا ہے اور تمیں اس تاریکی سے نجات دیتا ہے مثلاً جیسے تاریکی کے بعد آخر کار پھر صبح نکلتی ہے اور پھر وہی روشنی دن کی اپنی چمک کے ساتھ ظاہر ہو جاتی ہے۔سو اس روحانی حالتِ کے مقابل پر نماز فجر مقرر ہے اور خدا تعالیٰ نے تمہارے فطرتی تغیرات میں پانچ حالتیں دیکھ کر پانچ نمازیں

تمہارے لئے مقرر کیں۔اس سے تم سمجھ سکتے ہو کہ یہ نمازیں خاص تمہارے نفس کے فائدہ کے لئے ہیں۔پس اگر تم چاہتے ہو کہ ان بلاؤں سے بچے رہو تو پنجگانہ نمازوں کو ترک نہ کرو کہ وہ تمہارے اندرونی اور روحانی تغیرات کا ظل ہیں۔نمازیں آنے والی بلاؤں کا علاج ہے۔تم نہیں جانتے کہ نیا دن چڑھنے والا کس قسم کے قضاء وقدر تمہارے لئے لائیگا۔پس قبل اس کے جو دن چڑھے تم اپنے مولیٰ کی جناب میں تضرّع کرو کہ تمہارے لئے خیر و برکت کا دن چڑھے۔" (کشتی نوح صفحہ 69،70)

اسی طرح سلطان القلم حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی المسیح الموعودؑ نے روحانی خزائن جلد 19 کتاب نسیم دعوت کے صفحہ 436 تا 438 پر جو اسلام کا فلسفہ اخلاق تحریر کیا ہے۔مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نے اپنی مشہور کتاب ''احکام اسلام عقل کی نظر میں'' کے صفحہ 303 تا 305 پر باب ''انسان میں قوّت غضبیہ وحلم وغیرہ کی حکمت'' باندھ کر حضرت مسیح موعودؑ کی معرکۃ الآراء کتاب ''نسیم دعوت'' کا مندرجہ ذیل پورا پورا اقتباس سرقہ کیا ہے۔قارئین کرام! دونوں مضامین کا موازنہ کریں اور دیکھیں کس طرح مولانا موصوف نے ہو بہو معمولی فرق کے ساتھ سرقہ کیا ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ اسلام فلسفہ اخلاق کے بارے میں نسیم دعوت میں تحریر کرتے ہیں کہ:

''انسان کی فطرت پر نظر کر کے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو مختلف قویٰ اس غرض سے دئے گئے ہیں کہ تا وہ مختلف وقتوں میں حسب تقاضا محل اور موقعہ کے ان قویٰ کو استعمال کرے۔مثلاً انسان میں منجملہ اور خلقوں کے ایک خلق بکری کی فطرت سے مشابہ ہے۔اور دوسرا خلق شیر کی صفت سے مشابہت رکھتا ہے۔پس خدائے تعالیٰ انسان سے یہ چاہتا ہے کہ وہ بکری بننے کے محل میں بکری بن جائے۔اور شیر بننے کے محل میں وہ شیر بن جائے۔اور خدا تعالیٰ ہرگز نہیں چاہتا کہ وہ ہر وقت اور ہر محل میں بکری بنا رہے اور نہ یہ کہ ہر جگہ وہ شیر ہی بنا رہے اور جیسا کہ وہ انہیں چاہتا کہ ہر وقت انسان سوتا ہی رہے۔یا ہر وقت جاگتا ہی رہے۔یا ہر دم کھاتا ہی رہے۔یا ہمیشہ کھانے سے منہ بند رکھے۔اس طرح وہ یہ بھی نہیں چاہتا کہ انسان اپنی اندرونی قوتوں میں سے صرف ایک قوت پر زور ڈال دے۔اور دوسری قوّتیں جو خدا کی طرف سے اس کو ملی ہیں انکو لغو سمجھے۔اگر انسان میں خدا نے ایک قوت حلم اور نرمی اور درگزر اور صبر کی رکھی ہے تو اسی خدا نے اس میں ایک قوت غضب اور خواہش انتقام کی بھی رکھی ہے۔پس کیا مناسب ہے کہ ایک خداداد قوت کو تو حد سے زیادہ استعمال کیا جائے اور دوسری قوت کو اپنی فطرت میں سے بکلی کاٹ کر پھینک دیا جائے۔اس سے تو خدا پر اعتراض آتا ہیکہ گویا اس نے بعض قوتیں انسان کو ایسی دی ہیں جو استعمال کے لائق نہیں کیونکہ یہ مختلف قوتیں اسی نے تو انسان میں پیدا کی ہیں۔پس یاد رہے کہ انسان میں کوئی بھی قوت بری نہیں ہے۔بلکہ ان کی بداستعمالی بُری ہے۔'' (اس کے بعد حضورؑ انجیل کی ناقص تعلیم کا ذکر کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں) ''مگر قرآن کریم اسکے مقابل پر یہ کہتا ہے:
جزاؤ اسیّئة سیّئة مثلها فمن عفا و اصلح فاجره علیٰ الله. یعنی:
اگر کوئی تمہیں دکھ پہنچاوے مثلاً دانت توڑ دے یا آنکھ پھوڑ دے تو اس کی سزا

اسی قدر بدی ہے جو اس نے کی۔لیکن اگر تم ایسی صورت میں گناہ معاف کر دو کہ اس معافی کا کوئی نیک نتیجہ پیدا ہو اور اس سے کوئی اصلاح ہو سکے۔یعنی مثلاً مجرم آئندہ اس عادت سے باز آجائے۔تو اس صورت میں معاف کرنا ہی بہتر ہے اور اس معاف کرنے کا خدا سے اجر ملیگا۔

اب دیکھو اس آیت میں دونوں پہلو کی رعایت رکھی گئی ہے اور عفو و انتقام کو مصلحتِ وقت سے وابستہ کر دیا گیا۔سو یہی حکیمانہ مسلک ہے جس پر نظام عالم کا چل رہا ہے۔رعایت محل اور وقت سے گرم اور سرد دونوں کا استعمال کرنا یہی عقل مندی ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ ہم ایک ہی قسم کی غذا پر ہمیشہ زور نہیں ڈال سکتے۔بلکہ حسب موقعہ گرم اور سرد غذائیں بدلتے رہتے ہیں۔اور جاڑے اور گرمی کے وقتوں میں کپڑے بھی مناسب حال بدلتے رہتے ہیں۔پس اسی طرح ہماری اخلاقی حالت بھی حسب موقع تبدیلی کو چاہتی ہے۔ایک وقت رعب دکھلانے کا مقام ہوتا ہے۔وہاں نرمی اور درگذر سے کام بگڑتا ہے اور دوسرے وقت نرمی اور تواضع کا موقعہ ہوتا ہے اور وہاں رعب دکھلانا سفلہ پن سمجھا جاتا ہے۔غرض ہر ایک وقت اور ہر ایک مقام ایک بات کو چاہتا ہے۔ پس جو شخص رعایت مصالح اوقات نہیں کرتا وہ حیوان ہے۔نہ انسان۔اور وہ وحشی ہے نہ مہذّب۔''(نسیم دعوت صفحہ 436 تا 438)

مولانا اشرف علی تھانوی کی تحریر بحوالہ **''احکام اسلام عقل کی نظر میں''**

'' **انسان میں قوت غضبیہ وحلم وغیرہ کی حکمت**: انسان کی فطرت پر نظر کر کے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو مختلف قویٰ اس غرض سے دئے گئے ہیں تا کہ وہ مختلف وقتوں میں حسب تقاضائے محل اور موقع قویٰ کو استعمال کریگا۔انسان میں منجملہ اور خلقوں کے ایک خلق بکری کی فطرت سے مشابہ ہے اور دوسرا خلق شیر کی صفت سے مشابہت رکھتا ہے۔پس خدا تعالیٰ انسان سے یہ چاہتا ہے کہ وہ بکری بننے کے محل میں بکری بن جائے اور شیر بننے کے محل میں وہ شیر بن جائے۔اور خدا تعالیٰ ہر گز نہیں چاہتا کہ وہ ہر وقت ہر محل میں بکری ہی بنا رہے اور نہ یہ کہ ہر جگہ وہ شیر ہی بنا رہے اور جیسا کہ وہ یہ انہیں چاہتا کہ ہر وقت انسان سوتا ہی رہے یا ہر وقت جاگتا ہی رہے۔یا ہر دم کھاتا ہی رہے۔یا ہمیشہ سے منہ بند رکھے۔اسی طرح وہ یہ بھی نہیں چاہتا کہ انسان اپنی اندرونی قوتوں میں سے صرف ایک قوت پر زور ڈال دے۔اور دوسری قوتیں جو خدا تعالیٰ کی طرف سے اس کو ملی ہیں انکو لغو سمجھے۔اگر خدا نے انسان میں ایک قوت حلم اور نرمی اور درگزر اور صبر کی رکھی ہے تو اسی خدا نے اس میں ایک قوت غضب اور خواہش انتقام کی بھی رکھی ہے۔پس کیا مناسب ہے کہ ایک خداداد قوت کو تو حد سے زیادہ استعمال کیا جائے اور دوسری قوت کو اپنے میں سے کاٹ کر پھینک دیا جاوے۔اس سے تو خدا پر اعتراض آتا ہے گویا اس نے بعض قوتیں انسان کو ایسی دی ہیں جو استعمال کے لائق نہیں کیونکہ یہ مختلف قوتیں اسی نے تو انسان میں پیدا کی ہیں۔

پس یاد رہے کہ انسان میں کوئی بھی قوت بری نہیں ہے۔بلکہ ان کی بد استعمالی بُری ہے۔قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

جزاء السیّئة سیّئة مثلها فمن عفا و اصلح فاجره علی الله. یعنی: تو اگر کوئی تمہیں دکھ پہنچاوے مثلاً دانت توڑ دے یا آنکھ پھوڑ دے تو اس کی سزا

Prop. S. A. Quader
Ph. : (06784) 230088, 250853 (O)
252420 (R)
JYOTI
SAW MILL
Saw Mill Owner
&
Forest Contractor
Kuansh, Bhadrak, Orissa

اسی قدر بدی ہے جو اس نے کی۔ (لیکن اگر تم ایسی صورت میں) گناہ معاف کردو کہ اس معافی کا کوئی نیک نتیجہ پیدا ہو اور اس سے کوئی اصلاح ہو سکے۔ (یعنی مثلاً مجرم آئندہ اس عادت سے باز آجائے) تو اس صورت میں معاف کرنا ہی بہتر ہے اور اس معاف کرنے کا خدا سے اجر ملیگا۔

اس آیت میں دونوں پہلوؤں کی رعایت رکھی گئی ہے اور عفو اور انتقام کو مصلحتِ وقت سے وابستہ کر دیا ہے۔ سو یہی حکیمانہ مسلک ہے جس پر نظام عالم کا چل رہا ہے۔ رعایت محل اور وقت سے گرم اور سرد دونوں کا استعمال کرنا یہی عقل مندی ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ ہم ایک ہی قسم کی غذا پر ہمیشہ زور نہیں ڈال سکتے۔ بلکہ حسب موقعہ گرم اور سرد غذائیں بدلتے رہتے ہیں۔ اور جاڑے اور گرمی کے وقتوں میں کپڑے بھی مناسب حال بدلتے رہتے ہیں۔ پس اسی طرح ہماری اخلاقی حالت بھی حسب موقع تبدیلی کو چاہتی ہے۔ ایک وقت غصہ دکھلانے کا مقام ہوتا ہے۔ وہاں نرمی اور درگذر سے کام بگڑتا ہے اور دوسرے وقت نرمی اور تواضع کا موقعہ ہوتا ہے اور وہاں رعب دکھلانا سفلہ پن سمجھا جاتا ہے۔ غرض ہر ایک وقت اور ہر ایک مقام پر ایک بات کو چاہتا ہے۔ پس جو شخص رعایت مصالح اوقات نہیں کرتا وہ حیوان ہے۔ نہ انسان۔ اور وہ وحشی ہے نہ مہذّب۔''

(احکام اسلام عقل کی نظر میں۔ صفحہ 303 تا 395)

قارئین کرام! آپ نے موازنہ کر کے دیکھ لیا اور اندازہ لگایا ہوگا کہ حضرت مسیح موعودؑ جن کو اللہ تعالیٰ نے سلطان القلم سے نوازا ہے اُن کا علمِ کلام کس طرح عوام کے علاوہ بڑے بڑے علماء کے دلوں پر اپنی گہری چھاپ اور اثر چھوڑ رہا ہے کہ وہ آپؑ کے روحانی خزائن چرا چرا کر اپنی کتاب کی زینت بنا کر کس طرح شہرت اور واہ واہ بٹور رہے ہیں۔

یہاں یہ ایک بات قابل غور اور حیرانی کی ہے کہ مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نے اپنی کتاب ''احکام اسلام عقل کی نظر میں'' میں حضرت مولانا جلال الدین صاحب سیوطیؒ، حضرت محی الدین ابن عربیؒ، حضرت امام غزالیؒ، حضرت ابن قیّم جوزیؒ اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ وغیرہ کے مضامین ان بُزرگان کے اسماء کے حوالہ سے اخذ کئے ہیں۔ لیکن شاید لوگوں کے خوف اور بدنامی کے ڈر سے علماء کے فتوؤں کے ڈر سے آپ موصوف نے حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی المسیح الموعودؑ کی پانچ مشہور کتب ۱) اسلامی اصول کی فلاسفی۔ ۲) کشتی نوح۔ ۳) نسیم دعوت۔ ۴) ملفوظات جلد نمبر ۱۔ ۵) ملفوظات جلد نمبر ۴۔ کے باریک اور روح پرور مضامین آپؑ کا نام لئے بغیر اخذ کئے ہیں۔ بہر حال انہوں نے حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی المسیح الموعودؑ کو نہ صرف ایک بہت بڑا عالِم بلکہ ''اصحاب مکاشفہ'' میں شمار کیا ہے۔ جیسا کہ موصوف نے اپنی کتاب کے صفحہ 347 پر واضح طور پر ذکر کیا ہے۔

فاعتبرُو یاولی الابصار. فاعتبِرو یاولی الالباب

صاف دل کو کثرت اعجاز کی حاجت نہیں
اک نشاں کافی ہے گر دل میں ہو خوفِ کردگار

She
COLLECTIONS
KANNUR

Fort Road
Ph.: 0497 - 2707546
South Bazar
Ph.: 0497 - 2768216

برکاتِ درود شریف اور ہماری ذمہ داری

(از نوید الفتح متعلم جامعہ احمدیہ قادیان)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآنِ کریم میں یہ واضح حکم دیا ہے کہ

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْ تَسْلِیْماً (الاحزاب)

اللہ یقیناً اس نبی پر اپنی رحمت نازل کر رہا ہے اور اس کے فرشتے بھی (یقیناً اس کے لئے دعائیں کر رہے ہیں) اے مومنو! تم بھی اس نبی پر درود بھیجتے رہو اور ان کے لئے دعائیں کرتے رہا کرو اور (خوب جوش اور خروش سے) ان کے لئے سلامتی مانگتے رہا کرو۔

چنانچہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ آپ پر کس طرح درود بھیجیں۔ اس پر اوّل الذکر بات یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ سلّم کتراتے رہے مگر بعد میں صحابہ کو اس طرح درود سکھایا کہ

'اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

یعنی اے اللہ! حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ اسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ال پر درود نازل کر جس طرح حضرت ابراھیم علیہ السلام اور انکے ال پر تو نے درود نازل کیا یقیناً تو ستائش اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ تو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ال پر برکتیں نازل کر جس طرح تو نے حضرت ابراھیم علیہ السلام اور انکے ال پر برکتیں نازل کیں۔ یقیناً تو ستائش اور بزرگی والا ہے۔

دیگر مذاہب عالم کو یعنی دیگر انبیاء کے پیروکاروں اور ماننے والوں کو ایسا کوئی حکم نہیں دیا جائے گا کہ وہ اپنے مرشد پر درود بھیجیں اپنے راہنماؤں پر برکتوں کی دعائیں کریں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ماننے والوں کو ایسا حکم اس لئے دیا گیا کہ آنحضرت صلی علیہ وسلم کے اوصاف حمیدہ تمام بنی نوع کے لیئے اسوۂ حسنہ ہیں۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا ہر پہلو اس کا ہی متقاضی ہے۔ دیکھا جائے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم نے اس امت کے لیئے اور اس کی اصلاح کے لیئے کیا کچھ نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ ولیہ وسلم اپنی امت کے سدھار کے لیئے اس قدر ترساں ولرزاں رہتے تھے کہ خدا تعالیٰ خود کہہ اٹھا کہ

لَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَفْسَکَ اَلَّا یَکُوْنُو مؤمِنِین۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اپنی امت کی شفاعت فرماتے اور ہدایت کے نور بنکر لوگوں کی ہدایت عطاء کرتے تھے۔ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا تھا کہ

شفیع الوری خواجہء بعث ونشر
امام الھدیٰ صدر دیوانِ حشر

(بوستان۔ صفحہ۔ 6)

یعنی آپ صلی اللہ علیہ سلم تو تمام دنیا کی شفاعت کرنے والے۔ قیامت کے دن سردار، ہدایت کے امام اور روزِ حشر کی محفل کے صدر ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم اس امت کے لیئے اس قدر دعا کرتے تھے کہ اس کے طفیل آج ہم مسلمان ہیں نیز دنیا کا ہر چھٹا آدمی ایک خدا کی عبادت کرتا ہے اور اپنے تئیں مسلمان کہلاتا ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

''وہ جو عرب کے بیابانوں میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اسے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ

عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ بِعَدَدِ ھَمِّہٖ وَغَمِّہٖ وَ حُزْنِہٖ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ وَ اَنْزِلْ عَلَیْہِ اَنْوَارَ رَحْمَتِکَ اِلَی الْاَبَدِ‘‘

(روحانی خزائن جلد 6 برکات الدعا صفحہ 11.10)

الغرض خلاصہ کلام یہ ہے کہ ان احسانات کی وجہ سے ساری امت آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتی ہے۔ پھر اور ایک مقام پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ

’’آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال خدا کی نظر میں اسقدر پسندیدہ تھے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ کے لیئے یہ حکم دیا۔ کہ آئندہ لوگ شکر گزاری کے طور پر (آپ صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجیں (اخبار الحکم۔ جلد۔۷۔ نمبر۱۵ صفحہ۔۲)

نیز فرمایا:

در دلم جوشد ثنائے سرورے
آنکہ درخوبی ندارد ہمسرے

(درثمین فارسی: صفحہ۵)

یعنی میرے دل میں اس شہنشاہ کی مدح جوش زن ہے کہ حسن وخوبصورتی میں اس کا کوئی ساتھی نہیں۔ الغرض حاصل کچھ اس طرح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم کے ہم پر احسانات اور درود شریف کی بے شمار برکتوں کی وجہ سے ہم پر فرض ہے کہ ہم درود شریف کو کثرت کے ساتھ پڑھیں اور درد دل سے درود بھیجیں۔ درود شریف کی برکات اور احادیث میں بڑی وضاحت کے ساتھ بیان ہوئی ہیں۔ ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً۔ (ترمزی)

یعنی قیامت کے دن سب لوگوں سے بڑھ کر میرے قریب اور میرے ساتھ تعلق رکھنے والا وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا۔

اور ایک جگہ آیا ہے کہ:

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ عَلَیَّ زَکٰوۃٌ لَّکُمْ

یعنی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مجھ پر درود بھیجا کرو۔ کیوں کہ مجھ پر تمہارا درود بھیجنا (خود) تمہاری پاکیزگی اور ترقی کا موجب ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا۔

(مسلم۔ ابن حبان)

یعنی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ دس بار اپنی

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْہِ وَلَا خُلَّۃٌ وَّلَا شَفَاعَۃٌ وَالْکٰفِرُوْنَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝



AHMAD FRUIT AGENCY
Commission & Forwarding Agents :
Asnoor, Kulgam (Kashmir)
Hqrt. Dar Fruit Co.
Kulgam
B.O. Ahmad Fruits
Mobiles : 9419049823, 9906722264

خاص رحمتیں نازل کرے گا۔ اور ایک مقام پر کچھ اس طرح بیان ہے کہ

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ، عَلَیَّ اِلَّا رَدَّاللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّ عَلَیْهِ السَّلَامَ (مسند احمد بن حنبل)

ترجمہ: حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (میری وفات کے بعد) جو بھی مجھ پر سلام بھیجے گا اس وقت (سے پہلے) اللہ تعالیٰ مجھے دوبارہ زندہ کر چکا ہوگا۔ یہاں تک (بھی ہوگا) کہ مَیں جواباً اس کے لئے سلامتی کی دعا کروں گا۔ یعنی مجھ پر درود بھیجنے کا مبارک ثمرہ بھی وہ پالے گا۔

پس ارشاد باری تعالیٰ اور فرمانِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں ہم پر روزِ روشن کی طرح بات عیاں ہے کہ ہم جس کثرت کے ساتھ درود بھیجیں گے اسی قدر بلکہ اُس سے کئی گنا زیادہ اس کا ثمرہ بھی پائیں گے۔ اور بدقسمت شخص وہ ہوگا جو کہ ان ارشادات کے پڑھنے کے بعد بھی اپنے تئیں عظیم نعمتوں سے محروم رکھے گا۔ مزید برآں سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بار بار اس طرف توجہ دلا رہے ہیں کہ ہمیں رسولِ کریم صلی اللہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا چاہیے۔

قارئین حضرات! خدا تعالیٰ قرآنِ مجید میں فرماتا ہے کہ

واذا سالك عبادى عنى فانى قريب ۔ أُجيب دعوة الداع اذا دعان۔ (البقرہ)

یعنی اور (اے رسول!) جب میرے بندے تجھ سے میرے متعلق پوچھیں تو تو (جواب دے کہ) مَیں ان کے قریب (ہی) ہوں جب دعا کرنے والا مجھے پکارے تو مَیں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جس قدر درود بھیجیں گے اسی قدر ہم پر خدا تعالیٰ رحمتیں نازل کرے گا اور اپنے سایہء عاطفت میں لے لیگا۔۔ یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہیکہ ہم جس محبت کے ساتھ درود بھیجیں گے اسی محبت کے ساتھ یہ درود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچیں گے۔ جیسا کہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہیکہ

لَا تَجْعَلُوْ قَبْرِیْ عِیْدًا وَ صَلُّوْ عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ کُنْتُمْ (ابوداؤد)

کہ میری قبر کو بار بار آنے کی اور اجتماع کی جگہ نہ بنا لینا ہاں مجھ پر درود بھیجنا۔ جہاں بھی تم ہو گے تمہارا درود مجھے پہنچ جائے گا۔

پس بار بار حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے توجہ دلانے کے بعد ہم پر یہ لازمی ذمہ داری عاید ہوتی ہے کہ ہم بہت کثرت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں۔ اور اپنے آپ کو اس لائق بنائیں کہ ہمارے درود بارگاہِ الٰہی میں قبول کئے جائیں۔ اور ہم اس سے از خود فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ اللہ کرے کہ ایسا ہی ہو۔ آمین۔

C. K. Mohammed Sharief
Proprietor
CEEKAYES TIMBERS
VANIYAMBALAM - 679339
DISTT.: MALAPPURAM
KERALA
☎ : Wandoor (O) 247392, (R) 247192

Best Compliment From
M. K. ABDUL KAREEM
JUBILEE HOUSE
MANNARKKAD

تبلیغ کے متعلق سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے اہم ارشادات

(شیخ مجاہد احمد شاستری مہتمم تبلیغ مجلس خدام الاحمدیہ بھارت)

پیارے خدام بھائیو! ہم سب جانتے ہیں کہ خدام الاحمدیہ کا نیا سال یکم نومبر سے شروع ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے ہم یکم نومبر 2008 تا 31 اکتوبر 2009ء کے خدام الاحمدیہ کے سال میں گزر رہے ہیں۔ سال کب شروع ہوتا ہے اور کب ختم ہوتا ہے اس کا پتہ بھی نہیں رہتا۔ آپ خود بھی غور کریں کہ اس سال کے دو ماہ گزر چکے ہیں اب ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے لئے کاموں کے ہدف مقرر کریں اور کوشش کریں کہ اپنے اس معیار کو پورا کریں۔

ہم سب جانتے ہیں کہ خدام الاحمدیہ کے مختلف شعبہ جات ہیں اور ہر شعبہ اپنی ذات میں اہم ہے مگر ان سب میں شعبہ تبلیغ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ تبلیغ کرنا انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے اور خود خدائے تعالیٰ ان کو تبلیغ کرنے کا حکم دیتا ہے۔ اس لحاظ سے تبلیغ کر کے ہم جہاں انبیاء علیہم السلام کی سنت پر عمل کر رہے ہوتے ہیں۔ وہاں خدا تعالیٰ عین ممکن ہے کہ ہمارے ذریعہ کسی سعید روح کو نیکی و ہدایت کی طرف رہنمائی فرمائے اور ہم بھی نیکی سے حصہ پانے والے ہوں۔ تبلیغ کے بہت سارے ذرائع ہیں۔ ذیل میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ جمعہ 28 اگست 1987ء سے ایک حوالہ پیش خدمت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں صحیح رنگ میں تبلیغ کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

”دعوت الی اللہ کے دو نکات:

جہاں تک دعوۃ الی اللہ کا تعلق ہے ہر احمدی کو یہ دو نکات اچھی طرح ذہن نشین کر لینے چاہئیں۔

اول: یہ کہ تبلیغ کوئی طوعی چندہ نہیں ہے۔ کوئی نفل نہیں ہے کہ نہ بھی ادا کریں گے تو آپ کی روحانی شخصیت مکمل ہو جائیگی۔ دعوت الی اللہ فریضہ ہے اور ایسی شدت کے ساتھ خدا تعالیٰ کا حکم ہے کہ آنحضرت ﷺ کو مخاطب کر کے فرماتا ہے۔ اگر دعوت نہ دی تو، تو نے رسالت کو ہی ضائع کر دیا آپ کی امت بھی جواب دہ ہے، ہم میں سے ہر ایک جواب دہ ہے۔

پیغام رسانی لازمی ایک فریضہ ہے جس سے کسی وقت انسان غافل ہو ہی نہیں سکتا۔۔۔ اور دوسری بات یہ کہ آپ جو چاہے کریں، جتنی چاہیں حکمت سے کام لیں اور حکمت سے کام لینا پڑے گا۔ نرمی کریں اور دُکھ دہی سے بچیں اور پیار اور محبت کو شیوہ بنائیں اور ایثار سے کام لیں۔ لیکن یہ نہ سوچ بیٹھیں کہ اس کی وجہ سے آپ کی مخالفت نہیں ہوگی یہ تو خدا تعالیٰ نے پہلے سے متنبہ فرما دیا ہے۔۔۔ کہ جب بھی خدا کی طرف سے رسول آئیں گے تو فساد ضرور برپا ہو گا۔ لیکن فساد کی کلیتاً ذمہ داری فریق مخالف پر ہوگی۔ ہمارے رسولوں پر نہیں ہوگی۔۔۔ جب آپ پر فساد کی ذمہ داری نہیں ہے تو داعی کو بتا دیا کہ اسطرح دعوت دینی ہے کہ دشمن تم پر نظر رکھے گا۔ دشمن تلاش کرے گا کہ تم سے کوئی ادنی سی غلطی ہو جس کے نتیجہ میں تم پر ذمہ داری ڈال سکے۔ اس لئے خبردار..........تم سید المعصومین کے غلام ہو اس لئے تمہارے اندر بھی لوگ عصمت کا رنگ دیکھیں گے اور کسی قسم کی بے خوفی سرزد نہ ہو۔ کسی قسم کی حماقت سرزد نہ ہو..........تو ہر شخص جو دو شرطیں پوری کرنا ہے۔ یا ہر قوم جو دو شرطیں پوری کرتی ہے و اللہ یعصمک من الناس اللہ فرماتا ہے کہ میں اس بات کا ذمہ دار ہوں اور میں تمہیں یہ یقین دلاتا ہوں کہ دنیا تمہارا کچھ بگاڑ نہیں سکے گی۔ پس مخالفت تو ہوگی لیکن ہم دنیا کو یہ توفیق نہیں دیں گے کہ تمہارا نقصان کر سکے۔ تمہیں کم کر کے دکھا دے۔ تمہیں چھوٹا کر کے دکھا دے۔ پس! جب ہم ان باتوں پر غور کرتے ہیں تو ایک احمدی کو یہ تینوں امور پیش نظر رکھنے چاہئے۔ اور دعوت اس طرح کرے جس طرح حضرت رسول اکرم ﷺ دعوت الی اللہ فرمایا کرتے تھے۔ دشمن کے لئے بھی دل غم سے ہلاک ہو رہا ہوتا تھا کہ نادان لاعلمی کے نتیجہ میں مخالفت کر رہا ہے۔ دشمن کی مخالفت کی وجہ سے آنکھوں سے شعلے نہیں برسا کرتے تھے بلکہ محبت کے پانی ابلتے تھے۔ دعاؤں کے وقت آنسوں برسا کرتے تھے۔ یہ ہے دعوت رنگ اگر اس رنگ کو اختیار

کریں گے تو خدا کا یہ وعدہ لازماً آپ کے حق میں پورا ہوگا۔ واللہ یعصمک من الناس اللہ حفاظت کرنے والا ہے اس پر توکل کریں وہ ضرور آپ کو بچائے گا۔

دعوت الی اللہ میں دلوں کو جیتنا ضروری ہے:

